إذ جعلتنا أذلة بعد أن كنا أعزة۔	کیونکہ ہم معزز ہونے کے بعد ذلیل ہو گئے۔

عربی	اردو
هٰذِهِ عَاقِبَةُ الْكَسَلِ وَ مَنْ لَا يَزْرَعْ لَا يَحْصُدْ۔	یہ سستی کا نتیجہ ہے اور جو نہیں بوتا وہ نہیں کاٹتا۔
هَيَّا بِنَا إِلَى مَقْهَى الْانْشِرَاحِ لِتَرْوِيحِ النَّفْسِ۔	ہمارے ساتھ قہوہ خانہ "انشراح" کی طرف تفریح کے لئے چلو۔
الْأَوْلَى أَنْ نَذْهَبَ لِاسْتِمَاعِ الْحَاكِي۔	بہتر یہ ہے کہ ہم گراموفون سننے کے لئے چلیں۔
لَيْسَ هٰذَا الْوَقْتُ مُنَاسِبًا لِذٰلِكَ۔	یہ وقت اس کے لئے مناسب نہیں ہے۔
هَلْ تَشْرَبُونَ شَيْئًا۔	کیا آپ کچھ پئیں گے۔
نَعَمْ أَنَا أَشْرَبُ الشَّايَ وَهُوَ يَشْرَبُ الْقَهْوَةَ۔	ہاں میں چائے پیوں گا اور وہ قہوہ پیئے گا۔
هَلْ تُدَخِّنُونَ؟	کیا آپ تمباکو پئیں گے۔
كَلَّا أَنَا لَا أُدَخِّنُ شَيْئًا	نہیں میں تمباکو بالکل نہیں پیتا۔
وَلٰكِنَّ رَفِيقِي يُدَخِّنُ الْغَلْيُونَ	لیکن میرا ساتھی پائپ پیتا ہے۔
وَأَخُوهُ يُدَخِّنُ النَّارَجِيلَةَ	اور اس کا بھائی حقہ پیتا ہے۔
هُوَ يُدَخِّنُ اللَّفَائِفَ وَعَمُّهُ يَسْتَعِطُ۔	وہ سگریٹ پیتا ہے اور اس کا چچا نسوار لیتا ہے۔
مَاذَا تَأْكُلُ مَعَ الشَّايِ	آپ چائے کے ساتھ کیا کھائیں گے۔
ائْتِنِي بِقَلِيلٍ مِنَ الْكَعْكِ وَالْفَوَاكِهِ	مجھے تھوڑا سا کیک اور میوہ دیدو۔

الشاي خفيف وسكره قليل.

أحضر السكرية وهذا إبريق اللبن.

هذا الفنجان صغير.

هل تتعب بسرعة؟

لم تتعلم هذه الألعاب.

إذاً ماذا تعلمت من بعد؟

تعلمت السباحة.

وهل تعلمت اللعب على البيانو؟

لا، تعلمت الكمنجة والعود.

هذا الموسيقي يجيد العزف على الكمنجة وصوته غير حسن.

سماع الألحان ضروري للإنسان.

في البلاد الراقية تدرس الآن الطرب كتب في المدارس.

اَلْعِلْمُ بِالشَّيْءِ خَيْرٌ مِنَ الْجَهْلِ بِهٖ۔ — کسی شے کا علم اس کے نہ جاننے کی نسبت بہتر ہے۔

اَلْمُزَيِّنُ وَاَدَوَاتُهٗ

حجام اور اس کے متعلقات

اَلْمِقَصُّ	قینچی	مَفْرَقُ الرَّاسِ	مانگ
اَلْمُوْسٰى	استرہ	لِمَّةٌ	پٹے
اَلشَّفْرَةُ	استرہ	تَقْلِيْمُ الْاَظَافِرِ	ناخن کاٹنا
اَلْمِسَنُّ	سل	حِلَاقَةٌ	حجامت
اَلْمَكِيْنَةُ	مشین	تَزْيِيْنُ الشَّعْرِ	حجامت
اَلْمِرْآةُ	آئینہ	اَلْحَفُّ	استرے سے مونڈنا
مِلْقَطُ الشَّعْرِ	موچنا		

هَلْ تُرِيْدُ تَزْيِيْنَ رَاسِكَ؟ — کیا آپ سر کی حجامت بنوانا چاہتے ہیں؟

نَعَمْ وَلٰكِنْ بِسُرْعَةٍ — ہاں! لیکن جلدی

تَفَضَّلْ اِجْلِسْ۔ — مہربانی کرکے بیٹھ جائیں۔

مِقَصُّكَ غَيْرُ مَاضٍ -	تمہاری قینچی تیز نہیں ہے -
لَا مِقَصِّي مَاضٍ وَلٰكِنَّ شَعْرَكَ قَاسٍ -	میری قینچی تیز ہے لیکن آپ کے بال سخت ہیں -
شَفْرَتُكَ غَيْرُ حَادَّةٍ	تمہارا استرا تیز نہیں ہے -
اِشْحَذِ الشَّفْرَةَ عَلَى الْمِسَنِّ جَيِّدًا	استرے کو سلی پر اچھی طرح تیز کر لو -
هٰذِهِ الْمَكِنَةُ قَدِيْمَةٌ وَسَيِّئَةٌ وَتَنْتِفُ الشَّعْرَ نَتْفًا	یہ مشین پرانی اور خراب ہے بالوں کو نوچتی ہے -
هَلْ تُرِيْدُ اَنْ اَحْلِقَ لِحْيَتَكَ بِالْمُوْسٰى ؟	کیا آپ استرے سے ڈاڑھی منڈانا چاہتے ہیں
بَلْ خُذْ مِنْ اَطْرَافِهَا بِالْمِقَصِّ -	نہیں بلکہ اس کے کناروں کو قینچی سے کاٹو
قَصِّرْ لِمَّتِيْ وَسَرِّحْ شَعْرِيْ	میرے پٹے چھوٹے کر دو اور بالوں میں کنگھی کرو
هَلْ تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ الْمَفْرَقُ فِي الْوَسْطِ اَمْ فِي الْجَنْبِ ؟	کیا آپ مانگ درمیان میں رکھنا چاہتے ہیں یا ایک طرف ؟
لَا هٰذَا وَلَا ذَاكَ بَلْ اِقْلِبْ شَعْرِيْ اِلَى الْوَرَاءِ -	نہ یہ نہ وہ - بلکہ میرے بالوں کو پیچھے کی طرف الٹا کر دو -
قَلِّمْ اَظْفَارَ يَدَيَّ وَاِيَّاكَ اَنْ تَجْرَحَنِيْ -	میرے ہاتھ کے ناخن تراش لو - مگر خیال رکھنا کہ مجھے زخم نہ کر دو -
اَجِيْرُكَ لَا يُحْسِنُ التَّزْيِيْنَ	تمہارا ملازم اچھی حجامت نہیں بناتا -

هُوَ لَا يَزَالُ يَتَعَلَّمُ يَا سَيِّدِي

جناب ابھی وہ سیکھ رہا ہے۔

يَدُكَ خَفِيفَةٌ بِهٰذِهِ الْحِرْفَةِ لٰكِنَّكَ لَا تُحْسِنُهَا۔

اس کام میں تمھارا ہاتھ ہلکا ہے۔ لیکن تم اچھی طرح نہیں کر سکتے۔

أَنْتَ تُحْسِنُ هٰذِهِ الْحِرْفَةَ وَلٰكِنَّكَ بَطِيءُ الْيَدِ

تو اس کام کو اچھی طرح کر سکتا ہے لیکن تیرا ہاتھ سست ہے۔

دُكَّانُ جَارِكَ مُزْدَانَةٌ أَكْثَرَ مِنْ دُكَّانِكَ۔

تمھارے پڑوسی کی دکان تمھاری دکان سے زیادہ سجی ہوئی ہے۔

هُوَ غَنِيٌّ وَأَنَا فَقِيرٌ

وہ امیر ہے اور میں غریب ہوں۔

هُمَا شَرِيكَانِ وَأَنَا وَاحِدٌ۔

وہ دونوں حصہ دار ہیں اور میں اکیلا ہوں۔

هُوَ يُعَلِّمُهُ أَبُوهُ وَأَنَا يُعَلِّمُنِي جَارِي۔

اس کو اس کا باپ سکھاتا ہے اور مجھے میرا پڑوسی سکھاتا ہے۔

اِشْتَرَيْتُ الْيَوْمَ شَفْرَةً يَدُهَا فِضَّةٌ۔

میں نے آج ایک چاندی کا دستے والا استرہ خریدا۔

أُسْتَاذِي عِنْدَهُ شَفْرَةٌ فُولَاذِيَّةٌ وَيَدُهَا مُرَصَّعَةٌ بِالْأَحْجَارِ الْكَرِيمَةِ۔

میرے استاد کے پاس ایک فولاد کا استرہ ہے جس کا دستہ قیمتی پتھروں کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔

خَيْرُ الشَّفْرَةِ فِي حَدِيدِهَا لَا فِي يَدِهَا

استرے کی خوبی فولاد میں ہے نہ کہ اس کے دستے میں۔

النَّاسُ يَرْغَبُونَ فِي الظَّاهِرِ

لوگ دکھاوے پر زیادہ رغبت کرتے ہیں

وَلَوْ آلَمَهُمُ الْبَاطِنُ ۔ اگرچہ باطن میں ان کو تکلیف ہی ہو۔

الشُّرْطَةُ

پولیس

مَخْفَرٌ	تھانہ	شُعْبَةُ التَّحَرِّي	محکمہ خفیہ پولیس
خَفِيرٌ	سنتری	قَضِيَّةٌ	مقدمہ
شُرْطِيٌّ	پولیس کا سپاہی	هُوِيَّةٌ	حلیہ وغیرہ (شکل و شباہت)
مُفَوَّضٌ	انسپکٹر	جَوَازُ سَفَرٍ	پروانہ راہ داری (پاسپورٹ)
رِجَالُ التَّحَرِّي	خفیہ پولیس	تَبَعِيَّةٌ	قومیت ۔
دَائِرَةُ التَّوْقِيفِ	حوالات	تَزْيِيفٌ	جعل سازی
شَاهِدٌ	گواہ	تَقْرِيرٌ	رپورٹ
دَائِرَةُ الشُّرْطَةِ	پولیس کا دفتر		

يَا مَوْلَائِي إِنَّ رَجُلًا تَعَدَّى عَلَيَّ وَسَلَبَنِي دَرَاهِمِي ۔ جناب ایک شخص نے مجھ پر زیادتی کی ہے اور میرے روپیے مجھ سے چھین لئے ۔

هَلْ قَدَّمْتَ بِحَقِّهِ تَقْرِيرًا؟ کیا آپ نے اس کی رپورٹ کی ہے ۔

كَلَّا بَلْ اَخْبَرْتُ الْمَخْفَرَ
نہیں بلکہ میں نے تھانہ میں اطلاع دے دی

هَلْ كَانَ الْمُفَوَّضُ هُنَاكَ -
کیا انسپکٹر وہاں تھا -

نَعَمْ وَكَانَ هُنَاكَ اَيْضًا
بَعْضُ الشُّرْطِيِّيْنَ
ہاں اور وہاں اور سپاہی بھی تھے

اَيْنَ الْمُجْرِمُ الْآنَ ؟
مجرم اب کہاں ہے ؟

هُوَ مَوْقُوْفٌ لِاَنَّهُ اَنْكَرَ
فِعْلَتَهُ
وہ حوالات میں ہے کیوں کہ اس نے
اپنے فعل سے انکار کیا ہے -

هَلْ لَدَيْكَ شُهُوْدٌ ؟
کیا تمہارے پاس گواہ ہیں -

لَيْسَ لَدَيَّ اَحَدٌ اِلَّا الْخَفِيْرُ
الَّذِيْ كَانَ مَوْضِعَ حُدُوْثِ
الْحَادِثِ
میرے پاس سوائے اس سنتری کے کوئی
گواہ نہیں جو کہ مقام وقوع پر کھڑا تھا

اِذًا عَلَيْكَ اَنْ تَنْتَظِرَ
اِلٰى اِنْتِهَاءِ التَّحْقِيْقِ -
پھر آپ کو تحقیقات کے آخر تک انتظار کرنا
پڑے گا -

بَلَغَنِيْ اَنَّ التَّحْقِيْقَاتِ قَدْ
تَمَّتْ وَاُوْدِعَتِ الْقَضِيَّةُ
الْمَحْكَمَةَ -
مجھے معلوم ہوا ہے کہ تحقیقات ختم ہو چکی
ہے اور مقدمہ عدالت میں چلا گیا ہے -

اِذًا عَلَيْكَ اَنْ تُرَاجِعَ الْمَحْكَمَةَ
لِاَنَّ عَمَلَ الشُّرْطَةِ قَدِ انْتَهٰى
پھر آپ کو عدالت میں جا کر دریافت کرنا
پڑے گا کیونکہ پولیس کا کام ختم ہو گیا -

اِنَّ رِجَالَ التَّحَرِّيْ يُزْعِجُوْنَنِيْ
خفیہ پولیس والے مجھ کو پریشان کرتے

دوماً كأنني رجلٌ مجرمٌ
إنّ رجالَ التحرّي يقومون
بواجبهم ولا يعني سؤالُهم
إيّاك أنّك مجرمٌ -
بل كلُّ من كان غريبًا
لا بُدّ من معرفةِ هويّته
هل تحملُ جوازًا ؟
ما تابعيّتك وما عملُك
تابعيّتي الألمانيّة وعملي
الطبابةُ -

ہیں گویا کہ میں کوئی مجرم ہوں -
خفیہ پولیس کے لوگ اپنا فرض ادا
کرتے ہیں اور اُن کے تم سے سوال
کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ تم مجرم ہو -
بلکہ ہر ایک بیرونی شخص کا حلیہ وغیرہ
دریافت کرنا ضروری ہوتا ہے -
کیا آپ کے پاس پاسپورٹ ہے -
آپ کس ملک کے باشندے ہیں اور کیا کام کرتے ہیں -
میں جرمن ہوں اور میرا پیشہ ڈاکٹری -

إنّ جوازك هذا قد
انقضت مدّته فعليك أن تجدّده
اشتبه مفوّضُ التحرّي
برجلٍ يزيّفُ النقودَ فقبض
عليه -
تعلّقُ في دائرةِ الشرطةِ
الصورُ الشمسيّةُ لكلّ المجرمين
واللصوصِ وقطّاعِ الطرقِ
والفارّين من السجونِ وغيرِهم

آپ کے اس پاس کی مدت گذر چکی ہے
آپ کو اس کی تجدید کرانی چاہیئے -
خفیہ پولیس کے انسپکٹر نے ایک آدمی پر
شبہ کیا کہ وہ جعلی سکے بناتا ہے - پس
اس کو گرفتار کیا -
پولیس کے دفتر میں تمام مجرموں اور چوروں
اور رہزنوں اور قیدخانہ سے بھاگنے
والوں وغیرہم کے فوٹو لٹکائے جاتے ہیں

فِي البِلَادِ الرَّاقِيَةِ تَقُومُ الشُّرْطَةُ بِحِفْظِ الأَمْنِ دَاخِلَ المَدِينَةِ فَقَطْ ۔	ترقی یافتہ ملکوں میں پولیس کا فرض صرف شہر کے اندر امن قائم رکھنا ہے ۔
وَأَمَّا فِي البِلَادِ غَيْرِ الرَّاقِيَةِ فَالشُّرطِيُّ مُكَلَّفٌ بِحِفْظِ الدَّاخِلِ وَالخَارِجِ ۔	لیکن غیر ترقی یافتہ شہروں میں پولیس کا فرض اندر اور باہر دونوں کی حفاظت ہے ۔
هٰذَا العَمَلُ شَرِيفٌ لِأَنَّ فِيهِ تَعَبٌ لِلْجِسْمِ وَالنَّفْسِ فِي سَبِيلِ رَاحَةِ الغَيْرِ ۔	یہ کام بہت اچھا ہے ۔ کیوں کہ اس میں دوسروں کی راحت کے لئے اپنے جسم اور جان کو تکلیف دی جاتی ہے ۔

البَرِيدُ

ڈاک

دَائِرَةُ البَرِيدِ	ڈاک خانہ	مَأْمُورُ البَرِيدِ	پوسٹ ماسٹر
دَائِرَةُ البَرْقِ	تار گھر	مُفَتِّشُ البَرِيدِ	انسپکٹر ڈاک خانہ
دَائِرَةُ الهَاتِفِ	دفتر ٹیلیفون	اللَّاسِلْكِي	لاسلکی ۔ وائرلیس
شُبَّاكُ البَرِيدِ	معرفت ڈاک خانہ	كِتَابٌ ۔ مَكْتُوبٌ	خط
طَابِعٌ بَرِيدِيٌّ	ڈاک کے ٹکٹ	بَرْقِيَّةٌ ۔	تار

خَاتَمٌ — مُہر
مُوَزِّعٌ — ہرکارہ
رِزْمَةٌ — پارسل۔پیکٹ
مَضْمُوْنٌ — رجسٹری
شَمْعٌ أَحْمَرُ — لاکھ
ظَرْفٌ — لفافہ
بِلَا طَابِعٍ — بیرنگ
حَوَالَةٌ بَرِيْدِيَّةٌ — منی آرڈر (وی۔پی)
رَصِيْدٌ — رسید
بِطَاقَةٌ — پوسٹ کارڈ
بِطَاقَةُ زِيَارَةٍ — وزٹنگ کارڈ
مَضْمُوْنُ الْقِيْمَةِ — بیمہ
اَلْبَرِيْدُ الْجَوِّيُّ — ہوائی ڈاک
هَاتِفٌ — ٹیلیفون
عُنْوَانٌ — پتہ

هَلْ بِاسْمِيْ لَدَيْكُمْ كِتَابٌ فِيْ مَاشَتَيْاتِ الْبَرِيْدِ — کیا آپ کے پاس میرا کوئی خط معرفت پوسٹ ماسٹر آیا ہے۔

مَا اسْمُكَ؟ — آپ کا کیا نام ہے۔

اِسْمِيْ نَاصِرُ الدِّيْنِ — میرا نام ناصر الدین ہے۔

نَعَمْ لَكَ كِتَابٌ مَضْمُوْنٌ وَرِزْمَةٌ بِقِيْمَةِ عَشْرِ رُبِيَّاتٍ وَاجِبَةِ الْأَدَاءِ۔ — ہاں آپ کا ایک رجسٹری خط اور ایک دس روپیہ کا وی پی پارسل ہے۔

تَفَضَّلْ وَارْفَعْهَا إِلَيَّ — مہربانی کرکے وہ مجھے دیدیں۔

لَا أَسْتَطِيْعُ دَفْعَهَا إِلَّا إِذَا أَثْبَتَّ هُوِيَّتَكَ۔ — میں وہ آپ کو نہیں دے سکتا جب تک آپ اپنی شناخت نہ کروالیں۔

عربی	اردو
إِنَّنِي رَجُلٌ غَرِيبٌ وَلَا أَعْرِفُ أَحَدًا وَلَا أَحَدَ يَعْرِفُنِي فِي هٰذِهِ الْبَلْدَةِ	میں مسافر ہوں اور اس شہر میں نہ کسی کو جانتا ہوں اور نہ مجھے کوئی جانتا ہے۔
أَيْنَ جَوَازُ سَفَرِكَ ؟	آپ کا پاسپورٹ کہاں ہے۔
لَيْسَ لَدَيَّ الْآنَ وَلٰكِنْ لَدَيَّ بِطَاقَةُ زِيَارَةٍ	وہ اس وقت میرے پاس نہیں ہے لیکن میرے پاس وزیٹنگ کارڈ ہے
لَا بَأْسَ ؟	کوئی مضائقہ نہیں ؟
تَفَضَّلْ وَخُذْ أَمَانَتَكَ	مہربانی کرکے اپنی چیزیں لیں۔
إِنَّ الْمُوَزِّعَ دَوْمًا يُضَيِّعُ كُتُبِي وَبَعْضًا يَدْفَعُهَا إِلَى غَيْرِي فَأَرْجُوكُمْ تَنْبِيهَهُ كَيْ لَا يَفْعَلَ ذٰلِكَ فِي الْمُسْتَقْبَلِ -	چٹھی رساں ہمیشہ میرے خطوط ضائع کر دیتا ہے۔ اور بعض اوقات کسی اور کو دے دیتا ہے میں امید کرتا ہوں کہ آپ اس کو تنبیہ کر دیں گے تاکہ وہ آئندہ ایسا نہ کرے۔
يَسُوءُنَا ذٰلِكَ وَسَأُنَبِّهُهُ بِالِاعْتِنَاءِ بِكُتُبِكَ	یہ بات ہم کو پسند نہیں ہے اور میں اس کو تنبیہ کر دوں گا کہ آپ کی چیزوں کا خیال رکھے
كُنْتُ أَرْسَلْتُ كِتَابًا مَضْمُونًا إِلَى أَخِي وَلَمْ يَصِلْهُ حَتَّى الْآنَ	میں نے اپنے بھائی کے پاس ایک رجسٹری خط بھیجا تھا لیکن وہ ابھی تک نہیں ملا۔
أَعْطِنَا الرَّصِيدَ وَنَحْنُ نُجْرِي التَّفْتِيشَ اللَّازِمَ	ہمیں رسید دو اور ہم ضروری تفتیش کریں گے۔

عربی	اردو
أريد ارسال حوالة بريدية	میں ایک منی آرڈر بھیجنا چاہتا ہوں -
اليوم لا تقبل الحوالات من اجل تعطيل عاشر محرم	آج عشرۂ محرم کی چھٹی کی وجہ سے منی آرڈر نہیں لئے جاتے -
الكتب المضمونة القيمة يجب ان تكون مغلقة ومختومة بالشمع الاحمر	بیمہ والے خطوط بند ہونے چاہئیں اور ان پر لاکھ سے مہر لگی ہوئی ہونی چاہیے
اجرة البريد الجوي ثلاثة اضعاف البريد العادي	ہوائی ڈاک کا محصول معمولی ڈاک سے تین گنا ہے -
لا استلم هذا الكتاب لانه بلا طابع	میں اس خط کو نہیں لیتا کیوں کہ بغیر ٹکٹ (بیرنگ) ہے
اعطني بطاقتين وظرفا عاديا وظرفا مضمونا -	مجھے دو کارڈ اور ایک معمولی لفافہ اور ایک رجسٹری لفافہ دو
اين دائرة الهاتف ؟	ٹیلیفون کا دفتر کہاں ہے -
هي في الطابق الثاني	وہ دوسری منزل میں ہے -
هل المواصلات مفتوحة ؟	کیا لائن ٹیلیفون کی کھلی ہے -
نعم ماذا تامر ؟	ہاں آپ کا کیا حکم ہے -
اريد ان اخاطب لاهور -	میں لاہور سے بات کرنا چاہتا ہوں -

أَيَّ رَقَمٍ تُرِيْدُ	آپ کیا نمبر چاہتے ہیں
أُرِيْدُ رَقَمَ ثَلَاثِيْنَ وَتِسْعَمِائَةٍ أَلْفًا	میں ایک ہزار نو سو تیس نمبر چاہتا ہوں۔
تَفَضَّلْ تَكَلَّمْ	آئیے بات کیجئے۔
أَلُو - أَلُو	ہلو - ہلو
مَنْ أَنْتَ	آپ کون ہیں۔
أَنَا فُلَانٌ	میں فلاں ہوں
مَاذَا تُرِيْدُ؟	آپ کیا چاہتے ہیں
أَرْسَلْتُ إِلَيْكَ بِالْأَمْسِ	میں نے کل آپ کو جوابی تار دیا تھا
بَرْقِيَّةً جَوَابِيَّةً وَلَمْ آخُذْ	آپ سے کوئی جواب نہیں ملا۔ کیا
مِنْكَ الْجَوَابَ فَمَا السَّبَبُ؟	وجہ ہے۔
تَأَخَّرْتُ بِرَدِّ الْجَوَابِ	میں نے جواب میں اس وجہ سے دیر کی کہ
لِأَنِّي أَرْسَلْتُ بَرْقِيَّةً	میں نے اپنے چچا کی طرف اس معاملہ
لَاسِلْكِيَّةً لِعَمِّي	میں مشورہ کے لئے لاسلکی پیغام بھیجا ہے
أَسْتَشِيْرُهُ بِهٰذَا	
الْأَمْرِ	
أَرْجُوكَ عِنْدَ وُرُوْدِ الْجَوَابِ	مہربانی کرکے جواب آنے پر مجھے
مِنْهُ أَنْ تُخْبِرَنِيْ۔	اطلاع دیں۔
أُرِيْدُ أَنْ أُرْسِلَ بَرْقِيَّةً إِلَى كَلْكَتَا	میں کلکتہ تار بھیجنا چاہتا ہوں
فَكَمْ أُجْرَةُ الْكَلِمَةِ؟	ایک لفظ کی کیا اجرت ہے۔

لَا تُقْبَلُ الْبَرْقِيَّاتُ بَعْدَ نِصْفِ اللَّيْلِ	آدھی رات کے بعد تار نہیں لئے جاتے
اِذَنْ تَفَضَّلْ بِحِفْظِ هٰذِهِ الْبَرْقِيَّةِ لَدَيْكَ وَ طَيِّرْهَا غَدًا -	پھر آپ مہربانی کرکے اس تار کو رکھ چھوڑیں اور کل بھیج دیں -
أَمْرُكَ	بہت اچھا -
مَا هُوَ عُنْوَانُكَ ؟	آپ کا پتہ کیا ہے ؟
عُنْوَانِي بِوَاسِطَةِ شُبَّاكِ الْبَرِيدِ -	میرا پتہ معرفت پوسٹ ماسٹر ہے -

---

اَلْبَحْرُ وَ مُتَعَلِّقَاتُهُ

سمندر اور اس کے متعلقات

رُبَّانٌ	جہاز کا کپتان	قَارِبٌ	کشتی
مَلَّاحٌ	ملاح	سَفِينَةٌ	کشتی یا جہاز
بَاخِرَةٌ	اسٹیمر ، دخانی جہاز	مِجْدَافٌ	چپو
بَارِجَةٌ	جنگی جہاز	شِرَاعٌ / قِلْعٌ	بادبان -
غَوَّاصَةٌ	آبدوز کشتی		

لفظ	معنی	لفظ	معنی
مِرْسَاةٌ	لنگر	جَزِيرَةٌ	جزیرہ
سَاحِلٌ / شَاطِئٌ	کنارہ	بُحَيْرَةٌ	چھوٹا سمندر، جھیل
		بَحْرٌ	سمندر
شَبَكَةٌ	جال	مَضِيقٌ	آبنائے
صِنَّارَةٌ	کانٹا	بَرْزَخٌ	خاکنائے
طَيَّارَةٌ	ہوائی جہاز	مِينَاءٌ	بندرگاہ
مُنْطَادٌ	غبارہ ۔ بیلون	مَوْجٌ	لہر
خَلِيجٌ	خلیج	رَمْلٌ	ریت
رَأْسٌ	راس	زَبَدٌ	جھاگ

هَلْ رَأَيْتَ يَا نَصِيرُ الْبَحْرَ
اے نصیر کیا آپ نے سمندر دیکھا ہے

كَلَّا لَمْ أَرَ الْبَحْرَ بَلْ قَرَأْتُ عَنْهُ فِي كُتُبِ الْجُغْرَافِيَا وَلٰكِنِّي رَأَيْتُ الْبُحَيْرَةَ -
نہیں میں نے سمندر نہیں دیکھا بلکہ اس کے متعلق جغرافیہ کی کتابوں میں پڑھا ہے لیکن میں نے بحیرہ (جھیل) دیکھا ہے -

اَلْبَحْرُ هُوَ كَالْبُحَيْرَةِ إِلَّا أَنَّهُ أَكْبَرُ مِنْهَا بِكَثِيرٍ وَهُوَ لَا يَكُونُ إِلَّا مَالِحًا -
سمندر بحیرہ کی طرح ہوتا ہے مگر اس سے بہت بڑا اور ہمیشہ نمکین ہوتا ہے -

هَيَّا بِنَا نَذْهَبُ إِلَى الْمِينَاءِ
هَلْ تَذْهَبُ مَعَنَا ؟
آؤ بندرگاہ کی طرف چلیں -
کیا آپ ہمارے ساتھ چلیں گے -

كلا بل نذهب على الدراجة النارية	نہیں ہم موٹر سائیکل پر جائیں گے۔
ما هذا الدخان المتصاعد الذي نراه في عرض البحر ؟	یہ پرے سمندر میں کیا دھواں اٹھ رہا ہے ؟
هذه باخرة قاصدة إلينا۔	یہ ایک دخانی جہاز ہماری طرف آ رہا ہے۔
انظرها هي تقترب منا رويدا رويدا۔	دیکھو وہ آہستہ آہستہ ہم سے نزدیک آ رہا ہے۔
حقا انها الشيء عظيم۔	سچ مچ یہ تو بڑی چیز ہے۔
ارجوك ان تقص علي شيئا عن هذا المركب العظيم۔	مہربانی کر کے مجھے اس بڑے جہاز کا حال بتائیں۔
بكل اختصار استطيع ان اقول لك ان هذا المركب عبارة عن بلدة صغيرة مجهزة بكل ما يحتاج اليه	نہایت مختصراً یہ ہے میں آپ کو یہ بتا سکتا ہوں کہ یہ جہاز گویا کہ ایک چھوٹا شہر ہے جس میں سب ضروریات موجود ہوتی ہیں۔
فالقبطان فيها كالحاكم والملاحون كالجنود والركاب كالسكان۔	اس میں گویا کپتان حاکم کی طرح اور ملاح فوج کی طرح اور سواریاں باشندوں کی طرح ہیں
في الباخرة توجد مطاعم	دخانی جہاز میں ہوٹل اور ہسپتال اور

ومستشفى وحمامات.

حمام ہوتے ہیں۔

وفي البواخر الكبيرة توجد ملاعب للتنس وكرة اليد والقدم وغيرها.

اور بڑے جہازوں میں ٹینس اور ہال بال اور فٹ بال وغیرہ کے لئے فیلڈیں (میدان) بھی ہوتی ہیں۔

وتكون فيها أسواق ومتنزهات وتسير فيها الدراجات وغيرها.

اور ان میں بازار اور سیرگاہیں بھی ہوتی ہیں اور ان میں گاڑیاں وغیرہ بھی چلتی ہیں۔

ولا يفوتك أن كل البواخر لا تخلو من البرق اللاسلكي.

اور آپ کو یاد رہے کہ سب جہازوں میں وائرلیس (لاسلکی) ضرور ہوتا ہے۔

وتحمل على جوانبها عدة قوارب وعوامات ينجو عليها الركاب عند الخطر.

اور اس کے دونوں پہلوؤں پر کئی چھوٹی کشتیاں اور لائف بلٹ رکھے ہوتے ہیں جن کی [illegible] خطرہ کے وقت ملاح اور سواریاں نجات پا سکتی ہیں۔

وهناك سفن غير هذه تستعملها في الحرب.

اور وہاں ان کے علاوہ اور کشتیاں بھی ہوتی ہیں جو سب جنگ میں استعمال کی جاتی ہیں۔

وهي لا تحمل الركاب ولا البضائع بل تحمل الجنود والمدافع.

ان پر نہ سواریاں لادی جاتی ہیں اور نہ سامان۔ بلکہ ان پر فوج اور توپیں سوار کی جاتی ہیں۔

ومنها ما يغوص تحت البحر

بعض ان میں سے سمندر میں غوطہ لگاتی ہیں

Arabic	Urdu
وَمِنْهَا مَا يَسِيْرُ فَوْقَ الْبَحْرِ۔	اور بعض سمندر کی سطح پر چلتی ہیں۔
وَعَدَا هٰذِهِ السُّفُنِ	اور ان کشتیوں کے علاوہ وہاں اور چھوٹی
هُنَاكَ مَرَاكِبُ صَغِيْرَةٌ مِنْهَا	کشتیاں بھی ہوتی ہیں جو بھاپ سے چلتی
مَا يَجْرِي بِالْبُخَارِ وَمِنْهَا مَا يَجْرِي	ہیں اور ان میں سے بعض بادبان سے
بِالشِّرَاعِ وَمِنْهَا مَا يَجْرِي بِالْمِقْذَفِ	چلتی ہیں اور بعض چپو سے چلتی ہیں۔
لَا بُدَّ لِكُلِّ سَفِيْنَةٍ كَبِيْرَةً كَانَتْ أَوْ	اور ہر ایک کشتی کے لئے بڑی ہو یا چھوٹی
صَغِيْرَةً مِنْ مِرْسَاةٍ تُلْقِيْهَا فِي الْمَاءِ لِتُثَبِّتَهَا	لنگر کا ہونا ضروری ہوتا ہے تاکہ وہ
فِي مَوْضِعٍ وَاحِدٍ عِنْدَ وُقُوْفِهَا	ٹھہرنے کے وقت اس کو ایک جگہ قائم رکھے
فَاتَنِيْ أَنْ أَذْكُرَ لَكَ أَنَّ	میں آپ سے یہ ذکر کرنا بھول گیا کہ بعض
بَعْضَ الْبَوَارِجِ وَالْبَوَاخِرِ	جنگی جہازوں اور عام جہازوں پر ہوائی جہاز
تَحْمِلُ الطَّيَّارَاتِ وَالْمَنَاطِيْدَ	اور بیلون بھی رکھے جاتے ہیں جو ضرورت
وَتَسْتَخْدِمُهَا عِنْدَ الضَّرُوْرَةِ	کے وقت اس کے کام آتے ہیں۔
الْقَوَارِبُ الصَّغِيْرَةُ تُسْتَعْمَلُ	چھوٹی کشتیاں سیر کے لئے اور سواروں کو
لِلتَّنَزُّهِ وَلِنَقْلِ الرُّكَّابِ	جہاز سے بندرگاہ تک اور بندرگاہ سے
مِنَ الْبَاخِرَةِ إِلَى الْمِيْنَاءِ وَمِنَ	جہاز تک جانے کے لئے استعمال
الْمِيْنَاءِ إِلَيْهَا۔	کی جاتی ہیں۔
وَتُسْتَعْمَلُ أَيْضًا لِصَيْدِ السَّمَكِ	اور مچھلیوں کے شکار کے کام بھی آتی ہیں
أُنْظُرْ إِلَى هٰذَا الْجَالِسِ عَلَى	اس شخص کو دیکھ جو اپنی کشتی کے پچھلے
مُؤَخَّرِ قَارِبِهِ قَدْ أَلْقَى الشِّصَّ	حصہ میں بیٹھا ہے۔ اس نے کانٹا

فِي الْبَحْرِ وَهُوَ يَنْتَظِرُ أَنْ تَعَلَّقَ بِهِ سَمَكَةٌ۔

سمندر میں ڈال رکھا ہے اور انتظار کر رکھا ہے کہ اس میں مچھلی پھنسے

بَعْضُ الصَّيَّادُونَ يَصِيدُونَ بِالشَّبَكِ بَدَلًا مِنَ الشَّصِّ۔

بعض ماہی گیر کانٹے کی بجائے جال سے شکار کرتے ہیں۔

شَاطِئُ الْبَحْرِ لَا يَكُونُ إِلَّا مِنَ الرَّمْلِ۔

سمندر کے کنارے ہمیشہ ریت ہوتی ہے۔

الْخَلِيجُ مَاءٌ مِنَ الْبَحْرِ دَاخِلٌ فِي الْأَرْضِ۔

خلیج سمندر کا وہ پانی ہے جو خشکی میں داخل ہو جاتا ہے۔

الرَّأْسُ قِطْعَةٌ مِنَ الْأَرْضِ دَاخِلَةٌ فِي الْبَحْرِ۔

راس زمین کا وہ حصہ ہے جو سمندر میں داخل ہو جاتا ہے۔

الْجَزِيرَةُ أَرْضٌ مُحَاطَةٌ بِالْمَاءِ

جزیرہ وہ زمین ہے جس کے چاروں طرف تری ہو

الْبُحَيْرَةُ مُجْتَمَعٌ مِنَ الْمَاءِ مُحَاطٌ بِالْأَرْضِ۔

بحیرہ وہ جمع شدہ پانی ہے جس کے چاروں طرف خشکی ہو۔

الْمَضِيقُ بَحْرٌ مَحْصُورٌ بَيْنَ بَرَّيْنِ۔

آبنائے وہ سمندر ہے جو دو خشکیوں کے درمیان ہو۔

الْبَرْزَخُ بَرٌّ مَحْصُورٌ بَيْنَ بَحْرَيْنِ۔

خاکنائے وہ خشکی ہے جو دو سمندروں کے درمیان ہو۔

فِي بَعْضِ الْأَحْيَانِ إِذَا

بعض اوقات جب ہوا تیز ہو جاتی

اِشْتَدَّتِ الرِّيَاحُ تُغْرِقُ حَتَّى السُّفُنَ الْكِبَارَ۔	ہیں تو بڑے بڑے جہازوں کو بھی غرق کر دیتی ہیں۔

اَلصَّحْرَاءُ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهَا

(صحرا وغیرہ کے متعلق)

صَحْرَاءُ	صحرا	غَدِيْرٌ	جوہڑ
سَرَابٌ	سراب	رَمَادٌ	راکھ
وَاحَةٌ	نخلستان	بُرْكَانٌ	آتش فشاں پہاڑ
شَلَّالٌ	آبشار	غَيْمٌ	بادل
مَيْدَانٌ	میدان	ضِفَّةٌ	کنارہ
جَبَلٌ	پہاڑ	مَطَرٌ	بارش
تَلٌّ	ٹیلہ	فُوَّهَةٌ	دہانہ
كَهْفٌ	غار		
لَهِيْبٌ، شُعْلَةٌ	شعلہ		

خَرَجَتْ قَافِلَةٌ يَوْمًا مِنَ الْأَيَّامِ فِي الْأَزْمَانِ الْغَابِرَةِ	ایک دن گزشتہ زمانہ میں ایک قافلہ ایک شہر سے دوسرے

فی اوربا قاصِدَۃً مِنْ بَلْدَۃٍ الی اُخریٰ۔ — شہر کی طرف چلا۔

فَبَیْنَماھِیَ سَائرۃ وَ اِذَا بِالرِّیَاح قَدْ ھَبَّتْ وَاشْتَدَّتِ العَوَاصِفُ۔ — جب وہ چل رہے تھے کہ اچانک ہوا چلی اور تیز آندھی آگئی۔

ثُمَّ تَجَمَّعَتِ الغُیُوْمُ فِی السَّمَاءِ ثُمَّ اَمْطَرَتْ مَطَرًا غَزِیْرًا۔ — پھر آسمان میں بادل جمع ہوگئے پھر بہت زور سے مینہ برسا۔

وَکَانَ صَوْتُ الرَّعْدِمُزعِجًا وَالبَرْقُ یَبْھَرُ العُیُوْنَ۔ — اور کڑک کی آواز تکلیف دہ تھی اور بجلی آنکھوں کو چوندھیائے دیتی تھی

حَارَالمُسَافِرُوْنَ فِی اَمْرِھِمْ وَضَلُّوا الطَّرِیْقَ وَذَھَبُوا عَلیٰ وجوھھم فی الفَلَوَاتِ۔ — مسافر اس بارے میں حیران ہوگئے اور راہ بھول گئے اور بے تحاشا بیابانوں میں چلے گئے۔

انتھَوا خیرًا الی صَحْرَاءَ عَظِیْمَۃٍ وَکَانَ زَادُھم قَدْ نَفَدَ وَقَدْ نَھَکَھُمُ الجُوْعُ وَالعَطَشُ۔ — آخرکار ایک بڑے صحرا کی طرف پہونچے ان کا زادراہ ختم ہوچکا تھا۔ وہ بھوک پیاس سے مرنے لگے۔

فَرَاَوْا عَنْ بُعْدٍ سَرَابًا ظَنُّوْہُ مَاءً فَاسْرَعُوْا اِلَیْہِ — پس انھوں نے دور سے ایک سراب دیکھا اور اس کو پانی سمجھا پس وہ اس کی

فَلَمْ يَجِدُوهُ شَيْئًا

طرف جلدی سے گئے مگر اس کو کچھ بھی نہ پایا۔

ثُمَّ قَرُبُوا مِنْ وَاحَةٍ
فَأَكَلُوا تَمْرًا وَشَرِبُوا مَاءً۔

پھر وہ ایک نخلستان کی قریب آئے
پس انھوں نے کھجوریں کھائیں اور پانی پیا۔

بَعْدَ أَنْ سَارُوا فِي هٰذِهِ
الصَّحْرَاءِ عِدَّةَ أَيَّامٍ رَأَوْا
بُرْكَانًا يَتَصَاعَدُ مِنْ فُوَّهَتِهِ
دُخَانٌ وَنَارٌ وَرَمَادٌ۔

اس صحرا میں کئی دن چلنے کے بعد انھوں
نے ایک آتش فشاں پہاڑ دیکھا جس کے
دہانہ سے دھواں اور آگ اور راکھ
نکل رہی تھی۔

وَيَنْحَدِرُ مِنْ جَانِبِهِ شَلَّالُ
مَاءٍ حَارٍّ وَيُكَوِّنُ غَدِيرًا
عَظِيمًا۔

اور اس کے ایک طرف سے گرم آبشار
گرتا تھا۔ اور ایک بڑا جوہڑ بناتا تھا۔

اِغْتَسَلَ الْمُسَافِرُونَ
وَغَسَلُوا ثِيَابَهُمْ۔

مسافروں نے غسل کیا اور اپنے کپڑے
دھوئے۔

حَرُّ لَهِيبِ الْبُرْكَانِ كَانَ
شَدِيدًا حَتّٰى أَنَّ الثِّيَابَ
الْمُبْتَلَّةَ نَشِفَتْ حَالًا۔

آگ کے شعلے کی گرمی سخت تھی حتی کہ
گیلے کپڑے فوراً خشک ہو گئے۔

كَانَ سَفْحُ ذٰلِكَ الْجَبَلِ
مَمْلُوءًا بِالْحِجَارَةِ السَّوْدَاءِ
الْمُتَنَاثِرَةِ مِنْهُ۔

اس پہاڑ کا دامن سیاہ پتھروں سے بھرا
ہوا تھا جو پہاڑ سے نکل کر اِدھر اُدھر
بکھرے ہوئے تھے۔

جَلَسُوا هُنَاكَ حَتّٰى غَابَتِ

وہ وہاں بیٹھے حتی کہ سورج غروب

الشَّمْسُ وَظَهَرَ الشَّفَقُ وَطَلَعَتِ النُّجُومُ وَطَلَعَ الْقَمَرُ ثُمَّ ارْتَحِلُوا فِي اللَّيْلِ كَانُوا يَأْوُونَ اِلَى الْكُهُوفِ وَيَبِيتُونَ فِيهَا۔	ہوگیا اور شفق ظاہر ہوگئی۔ستارے اور چاند نکل آئے پھر وہ چل پڑے وہ غاروں میں پناہ لے کر رات بسر کرتے تھے۔

المَدرَسَةُ وَمُتَعَلَّقَاتُهَا

(مدرسہ اور اس کے متعلقات)

كِتَابٌ	کتاب	دَوَاةٌ	دوات
دَفْتَرٌ	کاپی	وَرَقٌ نَشَّافٌ	سیاہی چوس کاغذ
حِبْرٌ	سیاہی	طَبَاشِيرُ	چاک
وَرَقٌ	کاغذ	اللَّوْحُ الْاَسْوَدُ	بلیک بورڈ تختہ سیاہ
قَلَمٌ	قلم	تَخْطِيطٌ	نقشہ
قَلَمُ رَصَاصٍ	پنسل	مِنْقَلَةٌ	پروٹریکٹر
قَلَمُ تَحْبِيرٍ	فاؤنٹین پین	زَاوِيَةٌ / كُوسٌ	زاویہ
مِحْفَظَةٌ، خَرِيطَةٌ	بستہ	بِرْكَارٌ	پرکار
مِسْطَرَةٌ	رول	مَقْعَدٌ	ڈیسک
لَوْحٌ حَجَرِيٌّ	سلیٹ		

اَلْآلَةُ الْكَاتِبَةُ	ٹائپ رائٹر	اَلْعُطْلَةُ الصَّيْفِيَّةُ	گرمیوں کی چھٹیاں		
جَدْوَلُ الدَّوَامِ	حاضری کا رجسٹر	اَلْإِكْمَالُ	کمپارٹمنٹ		
اَلْجَلَاءُ	ریکارڈ	دَاخِلِيٌّ	بورڈر		
اَلْاِمْتِحَانُ السَّنَوِيُّ	سالانہ امتحان	خَارِجِيٌّ	غیر بورڈر		
اَلصَّفُّ	کلاس جماعت	دَارُ الْإِقَامَةِ	بورڈنگ ہاؤس		
مِمْسَحَةٌ	ڈسٹر	غِشٌّ	کپ		
قَلَمُ حَجَرٍ	پنسل	وِسَامٌ	تمغہ۔ میڈل		

لَمَّا بَلَغَ عُمْرُ نَصِيرٍ أَرْبَعَ سَنَوَاتٍ أَخَذَهُ أَبُوهُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ۔	جب نصیر کی عمر چار سال کی ہوگئی اس کو اس کا والد مدرسے لے گیا۔
نَصِيرٌ لَمْ يَكُنْ يَعْرِفُ الْقِرَاءَةَ وَلَا الْكِتَابَةَ۔	نصیر پڑھنا لکھنا جانتا تھا۔
فَلَمَّا وَصَلَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ دَخَلَ عَلَى الْمُدِيرِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ	جب وہ مدرسہ پہونچا تو ہیڈ ماسٹر کے پاس گیا اور سلام کیا۔
سَأَلَهُ الْمُدِيرُ عَنْ عُمْرِهِ	اس سے ہیڈ ماسٹر نے اس کی عمر پوچھی
فَأَجَابَهُ بِكُلِّ أَدَبٍ	اس نے پورے ادب سے جواب دیا۔
فَسُرَّ الْمُدِيرُ مِنْ ذٰلِكَ۔	ہیڈ ماسٹر اس سے خوش ہوا۔
قَبِلَهُ الْمُدِيرُ فِي الْمَدْرَسَةِ	ہیڈ ماسٹر نے اس کو اسکول میں داخل

وَقَيَّدَ اسْمَهُ فِي جَدْوَلِ الدَّوَامِ
دَخَلَ نَصِيرٌ الصَّفَّ وَ
جَلَسَ عَلَى الْمَقْعَدِ وَجَعَلَ
يَسْتَمِعُ أَقْوَالَ الْأُسْتَاذِ بِكُلِّ
إِصْغَاءٍ

کر لیا اور اس کا نام حاضری کے رجسٹر میں لکھا۔
نصیر جماعت میں داخل ہوا اور ڈسک
پر بیٹھا اور استاد کی باتیں پوری توجہ
سے سننے لگا۔

وَحَيْثُ لَمْ يَكُنْ لَدَى نَصِيرٍ
كِتَابٌ أَمَرَهُ الْأُسْتَاذُ أَنْ
يَشْتَرِيَ كِتَابًا وَدَفْتَرًا وَغَيْرَ
ذَلِكَ -

اور کیوں کہ نصیر کے پاس کتاب نہ تھی
اس لئے استاد نے اس کو حکم دیا کہ
ایک کتاب ایک کاپی وغیرہ
خریدے۔

ذَهَبَ نَصِيرٌ إِلَى الْبَيْتِ
وَسَمَّعَ أَبَاهُ مَا قَرَأَهُ فَسُرَّ أَبُوهُ
وَاشْتَرَى لَهُ كِتَابًا وَدَفْتَرًا
وَلَوْحًا حَجَرِيًّا -

نصیر اپنے گھر کی طرف گیا اور اپنے والد
کو جو پڑھا تھا سنایا۔ اس کا باپ
خوش ہو گیا۔ اور اس کے لئے کتاب
اور کاپی اور سلیٹ خریدی۔

كَانَ نَصِيرٌ أَصْغَرَ تِلْمِيذًا
فِي صَفِّهِ وَلَكِنَّهُ كَانَ مُجْتَهِدًا
جِدًّا -

نصیر اپنی جماعت میں سب سے چھوٹا
طالب علم تھا۔ مگر وہ بہت محنتی تھا

لِذَلِكَ أَهْدَاهُ أَخُوهُ خَرِيطَةً
جَزَاءَ اجْتِهَادِهِ -

اس لئے اس کے بھائی نے اس کو ایک
بستہ اس کی محنت کے بدلے میں تحفہ دیا۔

نَصِيرٌ كَانَ يَجْتَهِدُ جِدًّا
نصیر بہت محنت کیا کرتا تھا اور اپنا

وَلَا يُضِيعُ وَقْتَهُ سُدًى لِذٰلِكَ كَانَ فِي الامْتِحَانِ الأَوَّلِ الشَّهْرِيِّ الثَّانِيَ فِي صَفِّهِ وَفِي الامْتِحَانِ السَّنَوِيِّ الأَوَّلَ -

اپنا وقت بے سود ضائع نہیں کرتا تھا - اس لئے پہلے ماہانہ امتحان میں اپنی جماعت میں دوئم رہا اور سالانہ امتحان میں اول رہا -

فَلَمَّا أَخَذَ جَلَاءَهُ إِلَى الْبَيْتِ سُرَّ أَهْلُهُ أَجْمَعُونَ وَأَهْدَاهُ أَبُوهُ قَلَمَ حِبْرٍ وَأَهْدَتْهُ أُمُّهُ دَوَاةً وَأُخْتُهُ مُخَطَّطًا -

اور جب وہ اپنا ریکارڈ (نتیجہ) اپنے گھر لے گیا - اس کے گھر والے سب خوش ہوگئے اور اس کو اس کے باپ نے ایک فونٹین پین اور اس کی ماں نے دوات اور اس کی بہن نے نقشہ تحفہ دیا -

كَتَبَ نَصِيرٌ إِلَى أَخِيهِ الَّذِي فِي أُورُبَا يُخْبِرُهُ بِذٰلِكَ فَسُرَّ هُوَ أَيْضًا وَأَرْسَلَ لَهُ آلَةً كَاتِبَةً -

نصیر نے اپنے بھائی کی طرف جو یورپ میں تھا خط لکھا - اور اس کی خبر دی پس وہ بھی خوش ہوا اور اس کو ایک ٹائپ رائٹر بھیجا -

ثُمَّ بَرَّ نَصِيرٌ عَلَى اجْتِهَادِهِ فَحَازَ رِضَاءَ أَسَاتِذَتِهِ وَوَالِدَيْهِ وَكُلِّ النَّاسِ وَعَاشَ مَسْرُورًا مُغْتَبِطًا -

نصیر ہمیشہ محنت کرتا رہا اور اپنے استادوں کی اور ماں باپ کی اور سب لوگوں کی خوشی حاصل کی اور خوش و خرم زندہ رہا -

فِي الْعُطْلَةِ الصَّيْفِيَّةِ يَرْجِعُ

گرمیوں کی تعطیل میں بورڈر اپنے گھروں

الداخليون الى اوطانهم۔

کو چلے جاتے ہیں

التلاميذ الكسلانون قلما ينجحون في امتحاناتهم وبعضهم يأخذ المارّة۔

سست طالب علم بہت کم اپنے امتحانوں میں کامیاب ہوتے ہیں۔ اور بعض کمپارٹمنٹ میں آتے ہیں۔

التلاميذ الخارجيون يأتون صباحاً الى المدرسة ويعودون مساءً

غیر بورڈر طالب علم صبح مدرسے آتے ہیں اور شام کو جاتے ہیں

ولكن الداخليون ينامون في دار المقامة۔

لیکن بورڈر بورڈنگ ہاؤس میں سوتے ہیں۔

كان نهار امس موعد المسابقة بين المدرسة الانكليزية والمدرسة الافرنسية بكرة القدم في ملعب البلدية

کل مدرسۂ انگریزی اور مدرسۂ فرانسیسی کے درمیان فٹ بال کا میچ میونسپلٹی کی فیلڈ میں تھا۔

سرّ المتفرجون من اللاعبين وقدموا للفرقة الغالبة كأساً فضياً وللاعبين الحاذقين اوسمة ذهبية۔

دیکھنے والے کھلاڑیوں سے بہت خوش ہوئے اور جیتنے والی ٹیم کو چاندی کا کپ دیا۔ اور اچھے اچھے کھلاڑیوں کو سونے کے تمغے۔

يكتب على اللوح الاسود بالطباشير وعلى الورق بقلم الرصاص

تختۂ سیاہ پر چاک سے لکھا جاتا ہے اور کاغذ پر پنسل سے۔

وَكَذٰلِكَ يُكْتَبُ عَلَى الوَرَقِ بِالحِبْرِ

اور اسی طرح کاغذ پر سیاہی سے لکھا جاتا ہے۔

يُنَشِّفُ الحِبْرَ وَرَقُ النَّشَّافِ

سیاہی خشک کی جاتی ہے سیاہی چوس کاغذ سے

تُسْتَعْمَلُ المِسْطَرَةُ لِتَخْطِيطِ الخُطُوطِ المُسْتَقِيمِ

رول سیدھی لکیریں کھینچنے کے کام آتا ہے۔

يُسْتَعْمَلُ المِنْقَلَةُ لِمِقْيَاسِ الدَّوَائِرِ وَالكوس لمقياس الزوايا

اور پروٹریکٹر دائرے ناپنے کے کام آتا ہے اور زاویئے ناپنے کے لئے۔

يُمْسَحُ مَا كُتِبَ عَلَى الوَرَقِ بِقَلَمِ الرَّصَاصِ بِمِمْسَحَةٍ مِنَ المَطَّاطِ وَمَا كُتِبَ عَلَى اللَّوْحِ الأَسْوَدِ بِمِمْسَحَةٍ مِنَ الإِسْفَنْجِ۔

کاغذ پر جو پنسل سے لکھا جائے وہ ربڑ کے ساتھ مٹایا جاتا ہے۔ اور جو تختۂ سیاہ پر لکھا جاتا ہے وہ اسفنج سے۔

القَلَمُ الحَجَرِيُّ لَا يُكْتَبُ بِهِ إِلَّا عَلَى اللَّوْحِ الحَجَرِيِّ۔

سلیٹ پنسل سے صرف سلیٹ پر لکھتے ہیں۔

الأَفْرَاحُ وَالأَحْزَانُ وَمُتَعَلِّقَاتُهَا

شادی وغم اور ان کے متعلقات

العُرْسُ — شادی

عَرُوسٌ — دولہا یا دلہن

عربی	اردو	عربی	اردو
عَرُوْسَةٌ	دلہن	اَعْذَارٌ	دعوت ختنہ
مِحَفَّةٌ	ڈولی	وَکِیْرَةٌ	مکان بنانے کی دعوت
دُفٌّ	دف	نَقِیْعَةٌ	سفر سے واپس آنے کی دعوت
بُوْقٌ	بگل	عَقِیْقَةٌ	بچہ پیدا ہونے کی دعوت
قِیْثَارَةٌ	سارنگی	وَضِیْمَةٌ	مصیبت کی دعوت
جَلَاجِلُ	گھنٹیاں	مَأْدُبَةٌ	عام دعوت
صَنْجٌ	چھینے	نُفَسَاءُ	زچہ
سَرْجٌ	زین	زِفَافٌ	رخصت
رِکَابٌ	رکاب	حَفْلَةٌ	پارٹی
عِنَانٌ	باگ	اِحْتِفَالٌ	جلوس
لِجَامٌ	لگام	خِطْبَةٌ	منگنی
وَلِیْمَةٌ	دعوت ولیمہ	مَوْکِبُ الْعُرْسِ	برات
خُرْسٌ	دعوت ولادت	اَلْمَدْعُوُّوْنَ	مہمان

طَرَائِقُ الْاَعْرَاسِ مُخْتَلِفَةٌ فِیْ مُخْتَلِفِ الْبِلَادِ — مختلف ملک میں شادی کے مختلف طریقے ہیں۔

فَاَھْلُ الْھِنْدِ یَحْمِلُوْنَ الْعَرُوْسَةَ فِیْ مِحَفَّةٍ مِنْ بَلَدِھَا اِلٰی بَلَدِ الْعَرُوْسِ — ہندوستان کے لوگ رخصت کے دن دلہن کو ان کے شہر سے دولہا کے شہر تک ڈولی میں لے جاتے ہیں۔

يَوْمَ الزِّفَافِ

وَتُعْزَفُ أَمَامَهَا الْمُوسِيْقَى حَتَّى يُوْصِلُوْنَهَا إِلَى الْمَنْزِلِ الْمَقْصُوْدِ -	اور اس کے آگے آگے باجا بجتا ہے حتیٰ کہ منزل مقصود تک پہونچا دیتے ہیں
هُنَاكَ يَتَنَاوَلُ الْمَدْعُوْنَ وَأَصْحَابُ مَوْكِبِ الْعُرْسِ طَعَامَ الْوَلِيْمَةِ -	اس جگہ مہمان اور برات کے آدمی دعوت ولیمہ کھاتے ہیں -
بَعْضُهُمْ يَمْكُثُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِضْعَةَ أَيَّامٍ وَبَعْضُهُمْ يَعُوْدُ إِلَى مَنْزِلِهِ -	ان میں سے بعض اس کے بعد چند دن ٹھیرتے ہیں اور بعض اپنے گھر کی طرف چلے جاتے ہیں -
لَا بُدَّ لِلْعَرُوْسَةِ مِنَ الْحُلِيِّ سَوَاءً أَكَانَتْ فَقِيْرَةً أَمْ غَنِيَّةً	دلہن کے لئے زیور ہونا لازمی ہوتا ہے چاہے امیر ہو یا غریب
وَلٰكِنَّ الْفَرْقَ أَنَّ الْغَنِيَّةَ تَسْتَعْمِلُ الْحِلْيَةَ الذَّهَبِيَّةَ وَالْفَقِيْرَةُ تَسْتَعْمِلُ الْحِلْيَةَ الْفِضِّيَّةَ -	لیکن یہ فرق ہے کہ امیر دلہن سونے کے زیور استعمال کرتی ہے اور غریب چاندی کے زیور
يَذْهَبُ الْعَرُوْسُ إِلَى بَلْدَةِ الْعَرُوْسَةِ مَعَ أَهْلِهِ	دولہا اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو لے کر رخصت سے پہلے دلہن کے شہر

وَاَصْدِقَائِهٖ قَبْلَ الزِّفَافِ وَيَعُوْدُ مَعَهَا رَاكِبًا عَلٰى حِصَانٍ وَاَمَامَهُ الطُّبُوْلُ وَالْاَبْوَاقُ وَعَلَيْهِ اَكَالِيْلُ الزُّهُوْرِ۔

کی طرف جاتا ہے اور اس کو لے کر گھوڑے پر سوار ہو کر واپس آتا ہے اور اس کے آگے ڈھول اور بگل بجتے ہیں اور اس پر پھولوں کے ہار ہوتے ہیں۔

وَقَلَّمَا يَسْتَعْمِلُوْنَ الدُّفَّ وَالْقِيْثَارَةَ وَالصَّنْجَ فِيْ اَفْرَاحِهِمْ۔

اور وہ دف اور سارنگی اور جھینوں کو اپنی خوشی کے موقعوں پر بہت کم استعمال کرتے ہیں۔

اِنَّمَا فَرَسُ الْعَرُوْسِ فَاِنَّهَا تَمْتَازُ عَنْ فَرَسٍ غَيْرِهٖ۔

دولہے کا گھوڑا دوسروں کے گھوڑوں سے ممتاز ہوتا ہے۔

حَيْثُ تَكُوْنُ مُزْدَانَةً بِالزُّهُوْرِ وَالْاَلْوَانِ حَتّٰى سَرْجُهَا وَلِجَامُهَا وَعِنَانُهَا وَرِكَابُهَا۔

کیوں کر وہ سجایا ہوا ہوتا ہے پھولوں اور رنگوں سے یہاں تک اس کی زین اور لگام اور باگ اور رکاب بھی۔

تَزَوَّجَ صَدِيْقِيْ فَدَعَى اَصْدِقَاءَهٗ وَاَهْلَهٗ اِلٰى طَعَامِ وَلِيْمَةٍ۔

میرے دوست کی شادی ہوئی۔ اس نے اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو دعوت ولیمہ پر بلایا۔

ثُمَّ وُلِدَ لَهٗ وَلَدٌ فَدَعَى اَصْحَابَهٗ اِلٰى طَعَامِ خُرْصٍ وَبَعْدَ سَبْعَةِ اَيَّامٍ مِنْ

پھر اس کے گھر لڑکا پیدا ہوا تو اس نے اپنے احباب کو خرص کی دعوت دی اور پیدائش کے ساتویں دن عقیقہ کا

الولادة صنع طعام العقيقة
واحضر المغنين والراقصات
دامت الافراح بضعة ايام
ولما بلغ عمر المولود سبعة
اشهر دعى الاب اخاه
الذي كان مسافرا۔
لما حضر صنع طعام
نقيعة ودعى كثيرا من
اصدقائه وعارفيه۔
ثم ختن المولود وصنع
طعام الاعذار۔
عاش المولود نحو سنتين
ثم اصيب بالحمى فمات
حزن عليه ابوه وامه
وجميع الاهل والجيران
صنع الاب لموت ابنه
الوضيمة ودعى كثيرا
الخلق۔
اكل المدعوون الطعام

کھانا پکایا۔
اور گانے والوں اور ناچنے والیوں کو
بلایا اور کئی دن تک خوشی رہی۔
جب بچے کی عمر سات ماہ کی ہوئی باپ نے
اپنے مسافر بھائی کو بلایا۔
جب وہ آیا تو اس کے لئے دعوت نقیعہ
کی اور اپنے بہت سے دوستوں اور
روشناسوں کو بلایا۔
پھر بچہ کا ختنہ کیا اور دعوت الاعذار
کی۔
بچہ تقریبا دو سال زندہ رہا۔ پھر
اس کو بخار ہوا اور مر گیا۔
اس پر اس کے باپ اور ماں کو اور سب
رشتہ داروں کو اور ہمسایوں کو بہت غم ہوا
باپ نے اپنے بیٹے کی موت پر دعوت
وضیمہ دی اور بہت لوگوں کو بلایا۔
مہمانوں نے بہت غم کے ساتھ کھانا کھایا

بِكُلِّ اَسَفٍ ثُمَّ عَزَّوْا وَالِدَيْهِ وَاَقْرِبَاءَهُ وَانْصَرَفُوْا۔

پھر بچہ کے والدین اور اقربا کی تعزیت کی پھر چلے گئے۔

لَمَّا نَجَحَ رَشِيْدٌ بِالْاِمْتِحَانِ السَّنَوِيِّ سُرَّ مِنْهُ اَبُوْهُ وَاَدَبَ مَادُبَةً دَعَى اِلَيْهَا الْاَسَاتِذَةَ

جب رشید سالانہ امتحان میں کامیاب ہوا اس کا باپ اس سے خوش ہوا اور تمام استادوں کو بلا کر دعوت دی۔

فَضْلُ الْاُسْتَاذِ الْمُخْلِصِ عَلَى الْوَلَدِ اَكْبَرُ مِنْ فَضْلِ اَبِيْهِ عَلَيْهِ لِاَنَّهُ يُرَبِّي الرُّوْحَ وَالْاَبُ يُرَبِّي الْجِسْمَ۔

مخلص استاد کی مہربانی لڑکے پر اپنے باپ کی مہربانی سے زیادہ ہوتی ہے۔ کیوں کہ وہ روح کی پرورش کرتا ہے اور باپ جسم کی پرورش

اَلْاِنْسَانُ اِنْسَانٌ بِالْعِلْمِ لَا بِالْمَالِ وَلَا بِالْجَمَالِ۔

انسان علم سے انسان ہے نہ کہ مال اور خوبصورتی سے۔

لَا فَرْقَ بَيْنَ الْاِنْسَانِ وَالْحَيَوَانِ اِلَّا الْعِلْمُ فَاطْلُبُوْهُ۔

انسان اور حیوان میں سوائے علم کے کوئی فرق نہیں ہے پس اس کو طلب کرو

ملنے کا پتہ:-

سید محمد تسنیم بذریعہ

مولوی سید محمد نعیم صاحب ایڈوکیٹ بالائے قلعہ

علی گڑھ (یو۔پی)